پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای-میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

29 **نومبر** 2017

## بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 35A کے تحت (اے اے سی ایس) کے تحت ہدایات - دی سی کے پی کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، ممبئی، مہاراشٹر

دی سی کے پی کوآپریٹیو بینک، لمٹیڈ ممبئی، مہاراشٹر، کو ریزرو بینک نے مورخہ 30 اپریل 2014 کے آرڈر کے ذریعہ ہدایات (پابندیوں) کے تحت 2 مئی 2014 سے رکھا گیا تھا۔ وقتاً فوقتاً اس پابندی میں توسیع کی جاتی رہی۔ آخری بار یہ توسیع 26 جولائی 2017 کو 30 نومبر 2017 تک کے لئے نظر ثانی کی شرط کے ساتھ کی گئی تھی عوام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اپنے مورخہ 30 اپریل، 2014 کے پابندی سے متعلق اپنے آرڈر میں جس میں وقتاً فوقتاً توسفع کف جاتی رہی ہے اور یہ توسیع 30 نومبر، 2017 تک کی گئی تھی میں مزید توسیع کرتے ہوئے اپنے 23 نومبر، 2017 کے آرڈر کے مطابق ان پابندیوں کو نظر ثانی کی شرط کے ساتھ 31 مارچ 2018 تک کیلئے بڑھا دیا ہے۔

عوام کے مفاد کے مدنظر 23 نومبر 2017 کے ڈائریکٹو کی ایک کاپی بینک احاطہ میں مظاہرہ کے لئے لگائی جائے۔

مندرجہ بالا توسیع/ترمیم جو ریزرو بینک کے ذریعہ کی گئی ہے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ریزرو بینک اس بینک کی مالی حالت میں بہتری سے مطمئن ہے۔

**پریس ریلیز** 1476/2017-2018

**اجیت پرساد**

**اسسٹنٹ ایڈوائزر**